# پنجاب کا مزارعین، قبضہ داروں اور مقرر یداروں کو زیرقبضہ اراضی کے مالکانہ حقوق دینے کا قانون

حکومت پنجاب نے صوبہ پنجاب میں زرعی اراضی پر سالہا سال کاشت کرنے والے مزارعین، قبضہ داروں اور مقرر یداروں کو زیرقبضہ اراضی کے مالکانہ حقوق دینے کا قانون مجریہ 2012ء رائج کیا ہے۔ مذکورہ قانون کا مقصد مزارعین اور قبضہ دار جو کہ عرصہ دراز سے زرعی اراضی کو کاشت کر رہے ہیں اور ریونیو کے ریکارڈ میں کاشت کے خانے میں برس ہا برس سے ان کا نام بطور کاشتکار چلا آ رہا ہے ان کو قرآن وسنت کے اصولی تعلیمات کی روشنی میں مالکان کا درجہ دیا گیا ہے۔

صوبہ پنجاب میں قانون ھٰذا کے رائج ہونے سے تقریباً دو لاکھ مزارعین کو اپنی زیرِ کاشت اراضی کے مالکانہ حقوق حاصل ہو چکے ہیں۔ قانون ھٰذا کی چند شقات درج ذیل ہیں۔ مذکورہ قانون کے مطابق قبضے کے حقوق (Occupacy Rights) سے مراد پنجاب کے قانون کرایہ داری مجریہ 1887ء (Punjab Tenancy Act, 1887) کی دفعہ ((5 کے تحت مزارعین کو جو کسی اراضی پر پچھلی دو نسلوں سے قابض ہوں یا بیس سال کے عرصے سے زیر قبضہ اراضی پر کاشت کر رہے ہوں قبضے کے حاصل حقوق ہیں۔

## مزارعین کو مالکانہ حقوق کی فراہمی:

مذکورہ قانون کی دفعہ 3 کے مطابق ان تمام مزارعین، قابضین اور مقرر یداروں کو مالکانہ حقوق کا مستحق قرار دیا گیا ہے جن کا نام ریونیو ریکارڈ میں کاشت کے خانے میں چلا آ رہا ہے۔ ریونیو افسران کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان مزارعین کے نام مالکان اراضی کے طور پر درج کریں جسکے عوض مالکانہ حقوق حاصل کرنے والے مزارعین، قابضین یا مقرر یداروں سے یا حکومت سے کسی بھی قسم کا معاوضہ طلب نہیں کیا جائے گا۔

## تلافی برائے مالکان اراضی:

اس قانون کے مطابق اصل مالکان اراضی قانون ھٰذا کے نفاذ کے چھ ماہ کے اندر کلکٹر کے روبرو درخواست دائر کر سکتے ہیں جس میں وہ یہ ثبوت دیں گے کہ زرعی اراضی پر انکے آباؤ اجداد ہی کاشت کر رہے ہیں۔ اگر کلکٹر مطمئن ہو کہ اراضی مذکورہ واقعی مالک اراضی کے آباء کے زیرِ کاشت رہی ہے تو وہ اس کے حق میں فیصلہ دے سکتا ہے۔ کلکٹر کے حکم سے متاثر فریق کو اپیل کا حق حاصل ہے اور وہ اس حکم کے اجراء کے بعد تیس روز کے اندر حکومت کی جانب سے مقرر کردہ افسران کے روبرو اپیل دائر کر سکتا ہے اور اس قانون کے احکام سے مشروط کلکٹر اور اپیل سننے والی اتھارٹی کا حکم حتمی ہوگا۔

یہ قانون دیوانی عدالتوں کو اختیار نہیں دیتا کہ وہ اس قانون کے تحت ہونے والی کاروائی کی بابت کسی دعٰوی یا درخواست کی سماعت کریں۔

مزید معلومات کے لئے درج ذیل پتے پر رابطہ کریں۔

**غِناءِ سحر**

**ریسرچ آفیسر-iii**

قانون وانصاف کمیشن پاکستان

سپریم کورٹ بلڈنگ

اسلام آباد۔